سری لنکا کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے شیڈول کا اعلان، دو ٹیسٹ میچز گال اور کولمبو میں کھیلے جائیں گے، ٹیم دو روزہ وارم اپ میچ بھی کھیلے گی

لاہور 20 جون، 2023

پاکستانی کرکٹ ٹیم کے دورۂ سری لنکا کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز گال اور کولمبر میں کھیلی جائے گی۔

پہلا ٹیسٹ گال انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں 16 سے 20 جولائی تک کھیلا جائے گا۔

یہ وہی اسٹیڈیم ہے جہاں پاکستانی ٹیم نے گزشتہ سال 342 رنز کا ہدف عبور کر کے چار وکٹوں سے ٹیسٹ میچ جیتا تھا۔ یہ اس گراؤنڈ پر سب سے بڑا ہدف عبور کرے ٹیسٹ جیتنے کا ریکارڈ ہے۔

کولمبو کا سنہالیز اسپورٹس کلب 24 سے 28 جولائی تک دوسرے ٹیسٹ میچ کی میزبانی کرے گا۔
پاکستانی ٹیم نے سنہالیز اسپورٹس کلب میں آخری مرتبہ 2014ء میں ٹیسٹ میچ کھیلا تھا۔ اس میدان میں پاکستانی ٹیم چھ ٹیسٹ میچ کھیل چکی ہے جن میں سے ایک جیتا ہے ایک میں اسے شکست ہوئی ہے جبکہ چار ٹیسٹ ڈرا ہوئے ہیں۔

پاکستانی کرکٹ ٹیم 9 جولائی کو کولمبو پہنچے گی۔ ٹیسٹ سیریز سے قبل پاکستانی ٹیم 11 اور 12 جولائی کو دو روزہ وارم اپ میچ بھی کھیلے گی۔

پاکستانی ٹیم نے آخری مرتبہ گزشتہ سال جولائی میں سری لنکا کا دورہ کیا تھا جہاں کھیلی گئی ٹیسٹ سیریز ایک ایک سے برابر رہی تھی۔ دونوں ٹیسٹ میچز گال میں کھیلے گئے تھے۔ پاکستان نے پہلا ٹیسٹ چار وکٹوں سے جیتا تھا۔ سری لنکا نے دوسرے ٹیسٹ میں 246 رنز سے کامیابی حاصل کر کے سیریز برابر کر دی تھی۔

یہ پاکستانی ٹیم کی آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ 25-2023 کی پہلی سیریز ہے۔

9 جولائی۔ ٹیم کی کولمبو آمد۔

11 اور 12 جولائی۔ وارم اپ میچ۔

16 سے 20 جولائی۔ پہلا ٹیسٹ گال انٹرنیشنل اسٹیڈیم۔

24 سے 28 جولائی۔ دوسرا ٹیسٹ۔ سنہالیز اسپورٹس کلب کولمبو۔

پاکستانی ٹیم ان کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ بابر اعظم (کپتان) محمد رضوان (وکٹ کیپر اور نائب کپتان) عامر جمال۔ عبداللہ شفیق۔ ابرار احمد۔ حسن علی۔ امام الحق۔ محمد حریرہ۔ محمد نواز۔ نسیم شاہ۔ نعمان علی۔ سلمان علی آغا۔ سرفراز احمد۔ سعود شکیل۔ شاہین آفریدی اور شان مسعود۔

پاکستانی ٹیم کا سپورٹ اسٹاف یہ ہے۔ ریحان الحق (منیجر) گرانٹ بریڈبرن (ہیڈ کوچ) اینڈریو پیوٹک (بیٹنگ کوچ) مورنے مورکل (بولنگ کوچ) آفتاب خان (فیلڈنگ کوچ) عبدالرحمن (اسسٹنٹ کوچ) ڈریکس سائمین (اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ) کلف ڈیکن (فزیوتھراپسٹ) احسن افتخار ناگی (میڈیا اینڈ ڈیجیٹل کانٹینٹ منیجر) لیفٹننٹ کرنل ریٹائرڈ عثمان انوری (سکیورٹی منیجر) طلحہ اعجاز (انالسٹ) اور ملنگ علی (میسیور)

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department

P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial